© rasailojaraid.com



حافظ قاری فیوض الرحمن ایم۔ اے
پروفیسر گورنمنٹ کالج۔ ایبٹ آباد

# مولانا سید محمد ایوبؒ بنوری

**پیدائش** | آپ ۱۲؍رمضان المبارک ۱۳۲۰ھ بروز چہارشنبہ پشاور میں پیدا ہوئے۔

**ابتدائی تعلیم** | ابتدائی تعلیم مقامی پرائمری سکول میں حاصل کی۔ اس کے بعد اپنے چچا مولانا سید فضلِ صمدانی صاحب سے دارالعلوم "رفیع الاسلام" میں پانچ سال تک درسِ نظامی کی کتابیں پڑھیں۔

**انتہائی تعلیم** | ۱۳۴۹ھ میں دارالعلوم دیوبند میں داخلہ لیا اور برابر تین سال وہیں پڑھتے رہے۔ ۱۳۵۲ھ میں حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنیؒ سے دورۂ حدیث پڑھا۔

**تدریسی خدمات** | فراغت کے فوراً بعد "دارالعلوم رفیع الاسلام" میں تدریس شروع کی اور برابر دس سال تک نہایت محنت و جانفشانی سے پڑھایا۔

**دارالعلوم سرحد کی بنیاد** | ۱۳۷۰ھ میں آپ نے اپنے ادارہ "دارالعلوم سرحد[۱]" کی بنیاد رکھی۔ (باقی ص ۲۷)

---

۱؎ یہ دارالعلوم پشاور شہر کا ایک ممتاز دارالعلوم ہے۔ اس میں تین سو کے قریب طلبہ دینی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ پہلے یہاں کوئی مدرسہ نہ تھا، مسجد ہی میں پڑھائی ہوتی تھی آپکی مخلصانہ کوششوں کی وجہ سے آج یہ دارالعلوم ۱۹ کنال کے رقبہ میں ۱۲ بڑے بڑے کمروں پر مشتمل ہے۔ اور ایک شاندار اور وسیع جامع مسجد کی تعمیر بھی ہنوز جاری ہے۔ طلبہ کی کثرت کی وجہ سے یہ عمارت بھی ناکافی ہو رہی ہے۔ مجلسِ منتظمہ نے اس ضرورت کے پیشِ نظر دارالاقامہ کی تعمیر بھی جاری کر رکھی ہے۔ اللہ پاک مولانا موصوف کو دین کی اور زیادہ خدمت کی توفیق بخشے۔ آمین۔ مولانا پاکستان کی معروف علمی شخصیت مولانا سید محمد یوسف صاحب بنوری کے ماموں زاد بھائی ہیں۔